سوال

(1049) نمازِ عید مسجد میں پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا بغیر کسی عذر اور وجہ کے نمازِ عید مسجد میں پڑھی جا سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بلا عذر اور بلا وجہ مسجد میں نماز عید ادا کرنا درست نہیں۔ اگر کوئی اس کی خلاف ورزی کرکے بلا سبب نمازِ عید مسجد میں پڑھتا ہے۔ نماز تو ہو جائے گی، لیکن فضیلت سے محروم ہے۔ مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! ''المرعاة'' (۳۴۵/۲)

ہمارے شیخ محدث روپڑی رحمہ اللہ کے شیخ امام عبدالجبار غزنوی رحمہ اللہ اپنے فتاویٰ میں رقمطراز ہیں: ہر چند سنت و افضل عید کی نماز صحراء میں ہے، مگر مسجد میں پڑھنے کا جواز بلا خلاف ہے۔ لہٰذا حرمین شریفین میں قدیم الأیام، سے یہی متعارف ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰة: صفحہ: 835

محدث فتویٰ